اروناچل پردیش کے بارے میں چینی وزارت دفاع کے ترجمان کے تبصروں پر میڈیا کے سوالوں پر سرکاری ترجمان کا جواب

19 مارچ، 2024

اروناچل پردیش کے بارے میں چینی وزارت دفاع کے ترجمان کے تبصروں پر میڈیا کے سوالوں کے جواب میں، سرکاری ترجمان، جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

"ہم نے چینی وزارت دفاع کے ترجمان کی طرف سے ہندوستانی ریاست اروناچل پردیش کی سرزمین پر مضحکہ خیز دعووں کو آگے بڑھانے کے تبصروں کو نوٹ کیا ہے۔ اس سلسلے میں بے بنیاد دلائل کو دہرانے سے ایسے دعوے سچ نہیں ہو جاتے ہیں۔ اروناچل پردیش ہمیشہ ہندوستان کا اٹوٹ اور ناقابل تنسیخ حصہ تھا، ہے اور رہے گا۔ اور اس کے لوگ ہمارے ترقیاتی پروگراموں اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں سے مستفید ہوتے رہیں گے۔"

نئی دہلی

19 مارچ 2024